© rasailojaraid.com



## مُسلم دنیا پر مغربی قزاقوں کی دہشت گردی اور فرمودات نبویؐ

جناب رسالتِ مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے اُمت کو غیر مُسلم اقوام کے ساتھ پیش آنے والے مختلف معرکوں کے بارے میں ارشادات میں آگاہ فرما دیا تھا اور احادیث کے ذخیرہ میں بہت سی ایسی پیش گوئیاں ملتی ہیں جن میں ملت اسلامیہ کے خلاف مغربی اقوام کی حالیہ محاذ آرائی اور تباہ کاریوں کے اشارات بھی موجود ہیں مولانا حامد حصاری نے اس عنوان پر بہت سے ارشاداتِ نبویؐ کو زیر نظر رسالہ میں جمع کر دیا ہے بہتر صفحات کے اس رسالہ کی قیمت سوا دس روپے ہے اور امجد بک ڈپو چوک مکی مسجد رحیم یار خان سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

## مسئلہ امامت اور شیعیت کی حقیقت

شیعہ مذہب کی بنیاد "امامت" کے اس تصور پر ہے کہ جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد امامت ان کی اولاد میں منتقل ہوتی رہی ہے اور اس سلسلہ میں خاندان نبوتؐ میں سے آئمہ کی ایک فہرست بھی پیش کی جاتی ہے مولانا عبد اللطیف مسعود نے انہی آئمہ کرامؒ کے ارشادات کی روشنی میں زیر نظر رسالہ میں یہ بات واضح کی ہے کہ "امامت" کے بارے میں جو تصورات و مفروضات دنیا کے سامنے پیش کیے جا رہے ہیں ان کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔ یہ رسالہ چار روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر انجمنِ سپاہِ صحابہؓ جامع مسجد حاجی سلیمان والی ڈسکہ ضلع سیالکوٹ اور الشریعۃ اکیڈمی مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ سے منگوایا جا سکتا ہے۔

## اکٹھی تین طلاق کا شرعی حکم

اس امر پر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں صحابہ کرامؓ کا اتفاق ہو گیا تھا کہ ایک مجلس میں دی گئی تین طلاقیں تین ہی شمار ہوں گی لیکن بعض حضرات ابھی تک اس بارے میں شکوک و شبہات کا شکار ہیں مولانا فقیر اللہ صاحب خطیب جامع مسجد فاطمۃ الزہرا ماموں کانجن نے زیر نظر رسالہ میں ان حضرات کے شکوک کا ازالہ کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے ڈیڑھ سو صفحات پر مشتمل یہ رسالہ مکتبہ فاروقیہ سی/۳۶ گوبند گڑھ گوجرانوالہ سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

© rasailojaraid.com